نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد**

**اجلاس میں وزیر اعلی پنجاب زیادہ گندم اُگاؤ پروگرام کی تقریب کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔**

**وزیر اعلیٰ پنجاب زیادہ گندم اُگاؤ پروگرام کے تحت کاشتکاروں کو 1 ہزار ٹریکٹرز بذریعہ شفاف قرعہ اندازی مفت فراہم کئے جا رہے ہیں۔صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی**

**لاہور:17 مارچ 2025:** وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں وزیر اعلیٰ پنجاب زیادہ گندم اُگاؤ پروگرام کے تحت انعقاد ہونے والی تقریب کے لئے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وزیر اعلی پنجاب کے آئندہ بجٹ میں کسانوں کی فلاح و بہبود کے مختلف منصوبوں کی تجاویز کو حتمی شکل دی گئی۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے بھی شرکت کی۔

اس موقع پر وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب زیادہ گندم اُگاؤ پروگرام کے تحت 57733 درخواستیں وصول ہوئیں۔ تصدیق کے بعد 21496 درخواست کنندگان کو اہل قرار دیا گیا۔ اس پروگرام کے تحت 50 ہارس پاور کے ٹریکٹرز 12.5 ایکڑ سے زیادہ گندم کاشت کرنے والوں کو بذریعہ شفاف قرعہ اندازی فراہم کئے جائیں گے۔ قرعہ اندازی کی تقریب وزیر اعلیٰ پنجاب کی سرپرستی میں منعقد کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت شعبہ زراعت توسیع نے 5 لاکھ 60 ہزار ایکڑ رقبے پر گندم کی کاشت کی تصدیق کر لی ہے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب صوبہ میں زرعی میکانائزیشن کے فروغ کے لیے پرعزم ہیں۔ اس مقصد کے حصول کیلئے آئندہ دو سالوں میں 35 ارب روپے کی فنانسنگ کی جائے گی۔ کسانوں / سروس پرووائیڈرز کو 5 کروڑ روپے تک کا بلا سود زرعی قرضہ بینکوں کے ذریعے فراہم کیا جائے گا۔ اس پروگرام کے تحت چھوٹے سروس پرووائیڈرز مستفید ہوں گے۔ دو سالوں میں ایک ہزار ہائی ٹیک مشینری کیلئے بلا سود زرعی قرضے دیئے جائیں

گے۔ یہ مشینری پروگرام گندم، دھان، باغات اور مکئی کی فصل کی پیداوار کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہو گی۔ اس پروگرام کو آئندہ مالی سال کے بجٹ میں پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر لانچ کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک نے کہا کہ کسان کارڈ کے پہلے فیز میں اب تک 5لاکھ 39 ہزار کارڈ کاشتکار مستفید ہو چکے ہیں۔ کسان کارڈ کے دوسرے فیز میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے 25 ایکڑ تک اراضی رکھنے والے کاشتکاروں کو شامل کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ کسان کارڈ کے تحت فی ایکڑ قرض کی حد میں اضافہ کرکے 40 ہزار روپے رکھی جائے گی اور پروسیسنگ فیس کو بھی کم کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کیلئے دوسرے مرحلہ کے دوران 75 ارب روپے کی خطیر رقم مختص کی جائے گی۔ اس کے علاوہ کسان کارڈ کے ذریعے دیگر زرعی مداخل کی خرید کے ساتھ ڈیزل کی خریداری بھی ممکن بنائی جائے گی۔ وزیر اعلی پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام فیز ون کے تحت 9000 کسانوں کو ٹریکٹرز ڈلیور ہو چکے ہیں۔ گرین ٹریکٹر فیز ٹو پروگرام کیلئے اگلے مالی سال میں 60 ہارس پاور سے 85 ہارس پاور کے 9500 ٹریکٹرز کسانوں کو فراہم کیے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب سولرائزیشن آف زرعی ٹیوب ویلز پروگرام کے تحت وزیر اعلی پنجاب کی جانب سے ڈیجیٹل قرعہ اندازی کے ذریعے 8 ہزار کسانوں کو الاٹمنٹ لیٹرز جاری کر دیے گئے ہیں۔ اس ضمن میں 12 سروس اینڈ سپلائیز کمپنیاں آن بورڈ ہیں۔ پنجاب میں 4 ماڈل ایگریکلچر مالز کا 80 فیصد تعمیراتی کام مکمل ہو گیا ہے۔ حکومت پنجاب کا اگلے مالی سال کے بجٹ میں 10 ماڈل ایگریکلچر مالز تعمیر کرنے کا منصوبہ بھی زیرِ غور ہے۔ اگلے مالی سال کے بجٹ میں 2 ہزار زرعی گریجویٹس کو انٹرن شپ پر بھرتی کیا جائے گا۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ زراعت کے شعبہ میں جدید مشینری کے استعمال کے بغیر پیداواری اہداف کا حصول ممکن نہیں ہے۔ وزیر اعلی پنجاب ہائی ٹیک میکنائزیشن پروگرام کے تحت 10 اقسام کی مشینری سروس پرووائیڈرز کے ذریعے کرایہ پر فراہم کی جائے گی۔

اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن(ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید اور بنک آف پنجاب کے نمائندوں سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆